29/03/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی کل یعنی 30 مارچ کو آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے□وگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

موبائل ایپ کے تمام AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIRیہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن، اور اطلاعات ونشریات کی PMOنیوز، DDنیوز، AIR نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ اسے وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریئے کے فوراً بعد آکاشوانی اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔

وزیر اعظم دورہ

کی چھٹی سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے تین اپریل کو BIMSTEC وزیر اعظم نریندر مودی تھائی□ینڈ کے دو دن کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزارتِ خارجہ میں مشرقی ملکوں کے امور کے سکریٹری جے دیپ ماجومدار نے نئی د□ّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعظم کا تھائی□ینڈ کا یہ تیسرا دورہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت تقریباً پندرہ ارب ڈ□ر کی ہورہی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اپنے اِس دورے میں تھائی□ینڈ کی اپنی ہم منصب کے ساتھ بات چیت کی سربراہ کانفرنس کے بعد نریندر مودی اگلے مہینے کی چار سے چھ BIMSTEC کریں گے۔ تاریخ تک سری□نکا کے دورے پر رہیں گے۔

پشمینہ

جن دستکاری اشیاءکےلئے جموں کشمیر دنیا بھر میں مشہور ہے اُن میں کشمیر کا پشمینہ بھی شامل ہے۔ پشمینہ کے معیار کو بر قرار رکھنے کےلئے حکومتی سطح پر مختلف اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ بازاروں میں نقلی اور غیر معیاری پشمینہ مصنوعات کی خرید و فروخت پر مکمل روک لگائی جا سکے ۔

اس سلسلے میں ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم محکمے نے پشمینہ ٹیسٹنگ اینڈ کوالٹی سرٹفکیشن نظام سےلیس کر کے اس کو اپگریڈ کیا ہے۔ Microscope سینٹر کو اعلیٰ معیار کے ڈیجیٹل محکمے کے ڈائریکٹر کشمیر مسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ اس جدید نظام کی بدولت پشمینہ دھاگے کی جانچ کے بعد اس کے اصل ہونے کی تصدیق کی جا سکے گی ۔

گلیشئر

موسمیاتی تبدیلی کے باعث جموں کشمیر کے ہمالیائی خطے میں گلیشئروں کے پگھلنے کے خطرے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرکار نے ایک جامع اور فعال حکمت عملی اپنائی ہے ۔

Glacier ان خطرات سے پیدا ہونے والی امکانی صورتحال کا مقابلہ کرنے کےلئے حکومت نے کمیٹی تشکیل دی ہے ۔ اس کمیٹی نے حالات کا مقابلہ کرنے کےلئے موثر Lake Out Burst حکمت عملی ترتیب دینے کےلئے اب تک مختلف جھیلوں کی صورتحال کا مشاہدہ کیا ہے ۔

ٹیولپ گارڈن

زبر ون پہاڑیوں کے دامن میں جھیل ڈل کے کنارے واقع ٹیولپ گارڈن میں سیاحوں کا آنا جاری ہے جو وہاں لاکھوں کی تعداد میں کھلے رنگ برنگی پھولوں سے محظوظ ہو رہے ہیں۔ یہ باغ اس مہینے کی 26 تاریخ کو سیاحوں کےلئے کھولا گیا تھا اور کل شام تک مجموعی طور 51 ہزار 943 سیاحوں نے اس باغ کی سیر کی تھی ۔

ایوارڈ

ٹورازم سروے اینڈ ایوارڈس Today جموں کشمیر کے معروف سیاحتی مقام گلمرگ کو "انڈیا ایوارڈ سے Editors Choice زمرے میں Instagramable 2025 " کی جانب سے سب سے زیادہ نوازا گیا ہے ۔

اس سلسلے میں نئی دلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے جموں کشمیر کو یہ اعزاز عطا کیا ۔ جموں کشمیر کی جانب سے یہ ایوارڈ امور نوجوان اور کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے حاصل کیا ۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی منظر نامے کو فروغ دینے کےلئے سنجیدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

SMC

عیدالفطر کی آمد کے پیش نظر سرینگر میونسپل کارپوریشن نے شہر کے مختلف مقامات خصوصاً مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات کے گرد و نواح میں صفائی ستھرائی کا کام بڑے پیمانے پر شروع کیا ہے ۔ کارپوریشن کے حکام نے کہا ہے کہ عید کے روزلوگوں کو ہر طرح کی سہولت دستیاب رکھنے کےلئے مناسب انتظامات کئے جا رہے ہیں ۔

میانمار

میانمار میں کل آئے شدید زلزلے میں مارے جانے والے افراد کی تعدادایک ہزارتک پہنچ گئی ہے ۔ اس واقعے میں دو ہزار 376 افراد زخمی ہو گئے ہیں جبکہ 30 دیگر ابھی تک لا پتہ ہے ۔

جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ میانمار میں کل شدید زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے ۔ ریکٹر پیما پر زلزلے کی شدت 7.7 درج کی گئی ۔ اس کے بعد وہاں ایک اور زلزلہ آیا جس کی شدت 4.2 تھی ۔ زلزلے کے جھٹکے تھائی لینڈ میں بھی محسوس کئے گئے ۔

بھارت نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر میانمار کو 15 ٹن کی پہلی امدادی کھیپ بھیج دی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ